# نیت پر باقی رہنا

## نیت پر باقی رہنا

مسئلہ۸۱۶۔ معین واجب روزے مثلاً ماہ رمضان یا معین نذر کے روزے میں طلوع فجر سے مغرب تک نیت برقرار رہنا واجب ہے۔ بنابرایں اگر دن میں نیت سے پھر جائے اور روزے کو جاری رکھنے کا قصد نہ رکھتا ہو تو روزہ باطل ہے اور دوبارہ روزے کو جاری رکھنے کی نیت کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے البتہ ضروری ہے کہ مغرب کی اذان تک مبطلات روزہ سے اجتناب کرے۔

مسئلہ۸۱۷۔ اگر معین واجب روزے کے دوران دن میں روزہ جاری رکھنے یا نہ رکھنے میں تردد کا شکار ہوجائے یا روزے کو باطل کرنے والا کوئی کام انجام دینے کا ارادہ کرے لیکن انجام نہ دے تو احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ روزے کو پورا کرے اور بعد میں اس کی قضا بجالائے۔

مسئلہ۸۱۸۔ اگر مستحب یا غیر معین واجب روزے میں ( جس کا واجب ہونا کسی خاص دن سے مخصوص نہ ہو) روزہ توڑنے کا ارادہ کرے یا تردد کا شکار ہوجائے تو چنانچہ مبطلات روزہ کو انجام نہ دیا ہو تو ظہر سے پہلے غیرمعین واجب روزے کی نیت اور غروب سے پہلے مستحب روزے کی نیت کرسکتا ہے۔